**23/06/2025**

**12.30 PM**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنیے۔

## آپریشن سندھو

خارجی امور کے وزیر مملکت **Pabitra Margherita** نے کہا ہے کہ آپریشن سندھو کے تحت اب تک 1ہزار713 بھارتی شہریوں کو ایران سے واپس لایا گیا ہے۔کل رات نئی دلی میں ایک خصوصی پرواز کے ذریعے ایران کے شہر مشاد سے نئی دلی پہنچنے والے 285بھارتی شہریوں کا خیر مقدم کرنے کے بعد انہوں نے کہاکہ آئندہ دو دنوں کیلئے اس طرح کی مزید دو یا تین پروازیں چلائی جا رہی ہیں۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ ان کی وزارت ایران اور اسرائیل میں لگاتار بھارتی شہریوں کے رابطے میں ہیں۔

## اقوام متحدہ

اقوام متحدہ کے جنرل سیکریٹر ی انٹونیو گوٹیرس نے ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر امریکی حملے کے پس منظر میں نیو یارک میں سلامتی کونسل کے ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امن کی اپیل کی اور کشیدگی کو کم کرنے کیلئے جامع کوششیں کرنے کی ضرورت پر زور دیاہے۔

## وزیر اعظم خراج

وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈاکٹر شاما پرساد **Mookerjee** کوان کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہاکہ ڈاکٹر مکرجی نے ملک کی یکجہتی کو بر قرار رکھنے میں ایک اہم رول ادا کیا ۔وزیر اعظم نے مزید کہا کہ قوم کی تعمیر میں آنجہانی کے بے مثال کردار کو فخرکے ساتھ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

## خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جدید بھارت کے معمار  ڈاکٹر شاما پرساد مکھر جی کو ان کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک پیغام میں ایل جی نے کہاہے کہ قوم کی ترقی اور عوام کی

بہبودی کے تئیں آنجہانی کے غیر متزلزل عزم اور دانشمندانہ قیادت ایک لمبے عرصے تک ہماری رہنمائی کرتے رہے گے۔

عمر عبداللہ

Hitesh وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنی ڈیوٹی کے دوران بجلی محکمے کے جونیئر انجینئر اور ٹیکنیشن منظور احمد ڈار کے جان بحق ہونے پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا wali ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے ان ملازمین کی تن دہی اور لگن کی تعریف کیں۔

عابد رشید

صحت و طبی تعلیم محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ نے کل پہلگام کا دورہ کرکے وہاں سالانہ شری امر ناتھ جی یاتر اکیلئے کئے جا رہے طبی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے ننون بنیادی کیمپ، سب ڈسٹرکٹ اسپتال پہلگام اور چندن واڑی میں سو بستروں پر مشتمل اسپتال میں دستیاب سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے متعلقہ افسرونکو ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کیلئے جدید طرز کی طبی سہولیات دستیاب رکھنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں ۔

گرمی

وادی میں ہر گذرتے دن کے ساتھ گرمی کی شدت میں اضافہ ہو رہاہے۔ بڑھتے درجہ حرارت کے چلتے مختلف علاقوں میں لوگوں کو پینے کے صاف پانی اور کھیتوں کیلئے سینچائی کے پانی کی قلت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ محکموں سے اپیل کی ہے کہ وہ ان مسائل پر قابو پانے کیلئے ہنگامی نوعیت کے اقدامات کریں۔

دریں اثنا طبی ماہرین نے لوگوں خاص طور پر بزرگوں اور بچونکو صلاح دی ہے کہ وہ فائدہ بخش مشروبات کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں تاکہ وہ گرمی کے منفی اثرات سے اپنے آپ کو محفوظ رکھ سکیں۔

رانا

جل شکتی کے وزیرجاوید احمد رانا نے شوپیان ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے وہاں لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایاکہ اجا گر کئے گئے مسائل کوترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

**بڈگام**

**بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں عملائی جا رہی پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں بتایاگیا کہ اسکیم کے تحت اب تک 211سسٹم نصب کئے گئے ہیں اور183مستفدین کے حق میں سبسڈی بھی جاری کی گئی ہے۔ ڈی سی نے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اسکیم کے دائرے میں لانے کی ہدایات دیں۔**

**کپواڑہ**

**جموں کشمیر لائیو لی ہُڈ مشن ، کی مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شُھبرا شرما نے کپواڑہ ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے وہاں مشن کے تحت ہاتھ میں لئے گئے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے کہاکہ کپواڑہ ضلع خواتین کو با اختیار بنانے کے تعلق سے آگے بڑھ رہا ہے اور اس پہل کو تقویت بخشنے میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔JKRLM**

**اننت ناگ**

**اننت نا گ کی مختلف پنچایتوں میں دھرتی آبا جن بھاگیہ داری ابھیان کے تحت متعدد بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔ان کیمپوں کے دوران قبائیلی طبقے کے لوگوں کو سرکار کی مختلف بہبودی اسکیموں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔کیمپونکا یہ سلسلہ 30جون تک جاری رہے گا ۔**

**اطلاع**

**پروگرام شہر شہر منظر آکاشوانی سرینگر سے ہر جمعرات کو صبح ساڑھے نو بجے نشر ہوتا ہے ۔اگر آپ اپنے اپنے علاقونکے مسائل اس پروگرام کے ذریعے اجا گر کرنا کروانا چاہتے ہوں تو آپ ہر سوموار اور منگلوار کو صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر0194-2452019پر کال کرکے اپنے مسائل ریکارڈ کرواسکتے ہیں۔**

**گرفتاری**

**منشیات کے خلاف جنگ کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے بارہمولہ اور گاندربل سے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کیا اور ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبھی بر آمد کی ہے۔ پولیس نے خواجہ باغ بارہمولہ سے شیر وانی کالونی بارہمولہ کے رئیس احمد خان اور گرٹہ بل گاندربل میں رنگل گاندربل کے جاوید احمد بٹ نامی ڈرگ سمگلروں کو دھر لیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**

صحت و طبی تعلیم محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ نے کل پہلگام کا دورہ کرکے وہاں سالانہ شری امر ناتھ جی یاتر اکیلئے کئے جا رہے طبی انتظامات کا جائزہ لیا۔
انہوںنے ننون بنیادی کیمپ، سب ڈسٹرکٹ اسپتال پہلگام اور چندن واڑی میں سو بستروں پر مشتمل اسپتال میں دستیاب سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے متعلقہ افسرونکو ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کیلئے جدید طرز کی طبی سہولیات دستیاب رکھنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

* * * * * * * * * *

* * * * * *

* * * *

* * *

* *

*